7738-کیا شخصی سبب کی بنا پر کسی مسلمان کو رد کر سکتی ہے

سوال

کیا کسی شخصی سبب کی بنا پر (مجھے پسند نہ آیا ہو) میرا کسی اچھے حال والے مسلمان سے شادی کرنے سے انکار معصیت شمار ہوگا ؟

وہ کونسے نقصان دہ امور ہیں (اگر پائے جائیں) جو ایسا کرنے سے عمومی اور شخصی طور پر مترتب ہوں گے ؟

پسندیدہ جواب

ایسا کرنا معصیت شمار نہیں ہوگا، اس لیے کہ اسلام میں دیکھنا اور اطمنان نفسی لڑکی
کا حق ہے (اور ہو سکتا ہے لڑکی کو بعض اوقات مرد کی خلقت اور شکل پسند نہ آئے ، تو اس
صورت میں اگر وہ ایسے مرد سے شادی کرنے سے انکار کرتی ہے تو اس پر کوئی گناہ نہیں)

-

لیکن اگر آپ کو یہ خدشہ ہو کہ آپ سے گاڑی چھوٹ جائے گی (یعنی شادی کی عمر ڈھل
جائے گی) یا پھر آپ کو اس طرح کا بھی نہ ملے گا تو آپ اپنی اس مزاجیت کو چھوڑ دیں
اور اپنی عقل پر کنٹرول کرتے ہوئے شادی کرنے میں جلدی کریں ۔

شیخ ابراھیم الخضیری ۔

اور جب عورت کسی صاحب خلق اور دین والے شخص کو اپنی خواہش کی پیروی کرتے ہوئے رد کرتی
ہے تو وہ اس طرح بغیر شادی کے بیٹھی رہتی ہے ۔

اللہ تعالی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے ۔

واللہ اعلم .